4920CH32

# رات اور ریل

پھر چلی ہے ریل اسٹیشن سے لہراتی ہوئی
نیم شب کی خامشی میں زیرِ لب گاتی ہوئی
ڈگمگاتی، جھومتی، سیٹی بجاتی، کھیلتی
وادی و کہسار کی ٹھنڈی ہوا کھاتی ہوئی
تیز جھونکوں میں وہ چھَم چھَم کا سرودِ دلنشیں
آندھیوں میں مینہ برسنے کی صدا آتی ہوئی
جیسے موجوں کا ترنّم، جیسے جل پریوں کے گیت
ایک اک لَے میں ہزاروں زمزمے گاتی ہوئی
ٹھوکریں کھا کر لچکتی ، گُنگُناتی ، جھومتی
سرخوشی میں گھنگھروؤں کی تال پر گاتی ہوئی
ناز سے ہر موڑ پر کھاتی ہوئی سو پیچ وخم
اک دلہن، اپنی ادا سے آپ شرماتی ہوئی
رات کی تاریکیوں میں جِھلملاتی ، کانپتی
پٹریوں پر دُور تک سیماب چھلکاتی ہوئی
تیز تر ہوتی ہوئی منزل بہ منزل دم بہ دم
رفتہ رفتہ اپنا اصلی روپ دکھلاتی ہوئی
سینۂ کہسار پر چڑھتی ہوئی بے اختیار
ایک ناگن جس طرح مستی میں لہراتی ہوئی
مَرغزاروں میں دکھاتی جوئے شیریں کا خرام
وادیوں میں ابر کے مانند منڈلاتی ہوئی
اک پہاڑی پر دکھاتی آبشاروں کی جھلک!
اک بیاباں میں چراغِ طور دکھلاتی ہوئی
جستجو میں منزلِ مقصود کی دیوانہ وار!
اپنا سر دُھنتی فضا میں بال بکھراتی ہوئی
پیش کرتی بیچ ندّی میں چراغاں کا سماں
ساحلوں پر ریت کے ذرّوں کو چمکاتی ہوئی
منھ میں گُھستی ہے سرنگوں کے یکا یک دوڑ کر
دندناتی، چیختی، چنگھاڑتی، گاتی ہوئی
ڈال کر گزرے مناظر پر اندھیرے کا نقاب
اک نیا منظر نظر کے سامنے لاتی ہوئی
صفحۂ دل سے مٹاتی عہدِ ماضی کے نقوش
حال و مستقبل کے دلکش خواب دکھلاتی ہوئی
ڈالتی بے حِس چٹانوں پر حقارت کی نظر
کوہ پر ہنستی فلک کو آنکھ دکھلاتی ہوئی

© NCERT not to be republished

ایک سرکش فوج کی صورت عَلم کھولے ہوئے　　ایک طوفانی گرج کے ساتھ درّاتی ہوئی
ایک اک حرکت سے اندازِ بغاوت آشکار　　عظمتِ انسانیت کے زمزمے گاتی ہوئی

الغرض اُڑتی چلی جاتی ہے بے خوف وخطر
شاعرِ آتش نفس کا خون کھولاتی ہوئی

اسرارالحق مجاز

## سوالوں کے جواب لکھیے

1. حال و مستقبل کے دلکش خواب دکھانے سے کیا مطلب ہے؟
2. عظمتِ انسانیت کے زمزمے گانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
3. مَرغزاروں میں دکھاتی جوئے شیریں کا خرام
   وادیوں میں ابر کے مانند منڈلاتی ہوئی

   اس شعر کا مطلب لکھیے۔

© NCERT not to be republished